ترتیب: مصطفیٰ علی رضوی
mustafa-ali-rizvi@hotmail.com

موجودہ پرفتن دور میں جہاں روز بروز نت نئے فتنے سر اٹھا رہے ہیں، وہیں ملتان پنجاب کی سرزمین سے اہلسنت کا لبادہ اوڑھ کر ایک فتنہ آج کل اپنی بدعقیدگی کو فروغ دینے میں معروف عمل ہے۔ یہ فتنہ سلسلہ ادریسیہ کے بانی اور سرپرست اعلیٰ شیخ محمد امین کی صورت میں منظر عام پر ہے۔

یہ فتنہ بڑی تیزی سے بھولے بھالے اور سادہ لوح مسلمانوں کو اپنی جانب راغب کررہا ہے، ہر طرف اپنے پمفلٹ کے ذریعہ باطل عقائد کے پرچار میں معروف عمل ہے۔ کیوٹی وی پر بھی بڑی کثرت سے ان کے اشتہارات چل رہے ہیں۔ مال ومطع کا بے دریغ استعمال کیا جارہا ہے۔ اب بیرون ملک بھی یہ فتنہ کام کررہا ہے۔ باطل قوتوں کی امداد سے چلنے والا یہ سلسلہ ادریسیہ پوری قوت کے ساتھ کام کررہا ہے۔ اس کی گمراہی کے خلاف مرکزی دارالافتاء بریلی شریف ہندوستان سے بھی فتویٰ جاری ہوچکا ہے جو کہ آپ مضمون کے آخر میں ملاحظہ کرسکتے ہیں۔

شیخ محمد امین کا ظاہر اور اس کی مجلس میں سکھائے جانے والے آداب

1۔ شیخ امین کے سر کے بال اتنے لمبے ہیں کہ ان کی ناف تک آتے ہیں

2۔ آقا ﷺ کے کتے بن کر خود بھی بھونکتا ہے اور مریدوں کو بھی بھونکنے کا حکم دیتا ہے۔

3۔ جب کوئی بات شیخ امین کی اچھی لگتی ہے تو اس کے مرید یا تو زور سے پاگلوں کی طرح چیختے ہیں یا پھر کتے کی طرح بھونکتے ہیں۔

4۔ شیخ امین کو تھوڑی تھوڑی دیر میں کرنٹ کے جھٹکے لگتے ہیں، جس کی وجہ سے وہ اچانک زور سے چیخ مارتا ہے۔

5۔ شیخ امین بغیر کوئی لطیفہ سنے خود ہی وقفہ وقفہ سے زوروں سے ہنستا رہتا ہے۔

شیخ محمد امین کی آڈیو سی ڈی سے لئے گئے ان کے من گھڑت نظریات

1۔ اگر تمہیں اس کی حقیقت سی ہوتی (کہ آقا جی کے پاس جانا ہے) تو سب سے پہلے آتے اور داڑھیوں سے جھاڑو دیتے کہ ادھر محمد نظر آتے ہیں۔

2۔ میں اچھی نیت رکھتا ہوں، اس نیت سے ایک واقعہ یاد آیا، جھوٹ سچ اللہ جانے، آقا جی نے کہا کہ تمہاری (یعنی شیخ احمد کی) حرص نبیوں کی حرص ہے، اس جھوٹ سچ کو خدا جانے، یہ جھوٹ ہے یا سچ میری تحقیق نہیں۔

3۔ انبیاء و اولیاء سارے غلام مصطفیٰ ہیں اور ہم تم بھی غلام مصطفیٰ ہیں لیکن وہ (انبیاء و اولیاء) دور سے ہیں ہم ذرا قریب سے ہیں، ہماری بات زیادہ سنتے ہیں۔

4۔ شیخ امین نے یہ شعر پڑھا

جب ان کا کرم ہوتا ہے
عاصی بھی ولی بنتا ہے، کافر بھی نبی بنتا ہے

5۔ جتنی کائنات وجود میں ہے، میرے نزدیک میں ان کو مکھی اور مچھر سے بھی کم دیکھتا ہوں، ان کی طاقت میرے سامنے کچھ نہیں ہے کیونکہ؟ میرے اور آپ کے ساتھ طاقت محمد ﷺ ہے۔

6۔ خدا کی قسم اس وقت میں ساری کائنات پہ غالب ہوں، یہ جتنی کائنات ہے

7۔ حقیقت میں کوئی بزرگ نہیں ہے، حقیقت میں اللہ عزت والا ہے

8۔ یہ کوشش کرنی ہے اور گدھے پر بھی بیٹھ کے بازار میں پھرنا ہے کہ آقا جی بیٹھتے تھے، آقا جی کے لئے دنیا میں گدھا ہی رہ گیا تھا سواری کے لئے

9۔ ہمارا مذہب ایک ہی ہے ہم عشق کے بندے ہیں، کیوں بات بڑھائی ہے، ہمارا مذہب تو عشق ہے، ہم کسی کے تابع نہیں نہ کسی سلسلے کے تابع ہیں نہ کسی مذہب کے تابع ہیں، نہ کسی علم کے تابع ہیں، نہ کسی تفسیر کے تابع ہیں، نہ کسی حدیث کے تابع ہیں۔

10۔ بھنگڑا ڈالنا عاشقوں کے لئے سنت ہے، اپنی زندگی میں کبھی کبھی ڈالا کرو۔

11۔ اپنی انتہائی ذلت حضور ﷺ کے آگے ہر وقت ظاہر کرو، جیسے ہم لوگوں نے بھنگڑا ڈالا، اس میں بے انتہا رحمت خدا کی اتری کہ ان کی عظمت کے تقاضے کے آگے ہم نے اپنے کو کتا بنایا اور ہم بھونکے تو بے شمار رحمت ادریسیوں پہ اتری ہیں اللہ کی قسم۔

12۔ زیادہ پیار ملتا ہے (نبی ﷺ) خدا کا تو (نبی ﷺ) خدا سے روٹھ جاتے ہیں، تو خدا کو منانا پڑتا ہے، ایسا بھی ہوتا ہے، ایسا بھی ہوتا ہے، ایسا بھی ہوتا ہے۔

13۔ آقا ﷺ کے بعض صحابی مرتد ہوگئے تھے، صحابی ہوکر آپ کے پیچھے نماز پڑھتے تھے۔

14۔ گناہ کی معافی ہے، دوبارہ کچھ کیا تب بھی معافی کی ضرورت نہیں ہے، یہ کس کا کرم ہے؟ حضرت محمد ﷺ کا۔ خدا نے ہم کو تم کو ڈرایا ہوا ہے کہ یہ کردوں گا وہ کردوں گا، بیچ میں سیدنا محمد ﷺ ہیں، اللہ کچھ نہیں کرے گا بس ایسے ہی ڈراتا ہے۔

15۔ آقا جی نے بتایا کہ وہ درخت (جنت کے) ایسے ہوں گے کہ جو عقل سے باہر ہے، ایک آدمی کو دس دنیا جتنی جنت ملے گی، اس کا کیا کرے گا وہ، پتہ نہیں سر میں مارے گا کیا؟

16۔ شیخ امین کی موجودگی میں پڑھے جانے والے اشعار

رخ یار تو جدھر ہے وہاں اللہ کی نظر ہے — میرے شیخ ملتان میں ہیں رخ یار بھی ادھر ہے
اللہ کو ڈھونڈتے ہو پوچھو جنہیں خبر ہے — ملتان میں واللہ اللہ یہاں آقا کی خبر ہے
رخ شیخ میں محمد رخ شیخ میں ہے اللہ — مجھے شیخ پہ فنا کر مردی ان سے ہی سحر ہے
یوں تو ذات خدا وحدہ لا شریک — حب احمد میں ہم ہوں خدا کے شریک
وہ نور کا پیکر اور نطفہ ناپاک میں — کاش! وہ کہیں مجھ کو، آؤ تم سے یاری کریں
ہمیں بھی بنادے خدارا صحابی — حیات النبی ہیں جناب محمد
یہ رحمت بھرے نین جادو بھرے ہیں — کسی کو بھی نفرت سے دیکھو نہیں تم

17۔ جو مفہوم (دیوبندی اکابرین کے) ہمارے سلسلے کے مفہوم سے نہ ہوں، ان کو غلط نہیں کہنا ہے، ان کو بھی صحیح کہنا ہے، وہ ان کے لئے۔

18۔ قرآن کریم جونسا ہے، تفسیر ہے مولانا شبیر احمد عثمانی (دیوبندی) اور اس کا ترجمہ کیا ہے مولانا محمود الحسن (دیوبندی) نے۔ اس کو گھر میں رکھیں اور کچھ نہ کچھ پڑھتے رہیں، انتہائی برکت کا سبب بنے گی۔

19۔ آپ کو پتہ ہونا چاہئے کہ علم سمندر ہے، نہ کوئی ولی اس کا احاطہ کرسکتا ہے نہ کوئی نبی احاطہ کرسکتا ہے۔

20۔ خدا تعالیٰ شیخ الہند (محمود الحسن دیوبندی) کو بھی جزائے خیر دے اور ان کی قبر کو نور سے منور کرے، شیخ الاسلام شبیر احمد عثمانی دیوبندی نے جو تفسیر لکھی ہے، خدا ان کو جزا دے، نبی ﷺ کی محبت میں ان کے اضافہ کرے۔

21۔ اللہ نے معافی میں ان (دیوبندی اکابرین) کو رکھا ہے اور آقا نے ان کی بھی محنت قبول کی ہے، اس لئے کہ علم کو عبور کوئی نہیں کرسکتا، غلطیاں ہوجاتی ہیں۔

22۔ تبلیغی جماعت سے انتہائی محبت رکھیں، ان کو برا بھلا نہ کہیں، یہ آقا کے دین کو پھیلاتے ہیں اور آقا کو قبول ہیں، ان کی غلطیاں آقا کی ضد میں نہیں ہیں۔

23۔ دیوبندی سے محبت رکھیں، بریلوی سے محبت رکھیں، کسی کو برا نہ کہیں، یہ ہمارے بھائی ہیں۔

24۔ بعض علماء ہر وقت اختلاف کی باتیں کرتے ہیں تو ان پر خدا کی مار پڑتی ہے، نہ ان کی دعائیں قبول ہوتی ہیں، نہ لوگوں کا عقیدہ ہوتا ہے، نہ ان میں جاذبیت ہوتی ہے۔ نبی کو چھوڑ کر اختلاف میں ڈالتے ہیں اور اختلاف سے خدا نے منع کیا۔

یہ تمام باتیں جو آپ نے ملاحظہ فرمائیں، یہ تمام کی تمام عبارات شیخ محمد امین کی آڈیو سی ڈی سے لی گئی ہیں۔ ادارے کے پاس آڈیو سی ڈی موجود ہے، مزید معلومات کے لئے مضمون کے شروع میں مصطفیٰ علی رضوی صاحب کا ای میل ایڈریس تحریر ہے اس پر رابطہ کرسکتے ہیں

فقط محمد ایوب عالم

کتبہ محمد ایوب عالم رضوی کشنگنجوی
مرکزی دار الافتاء ۸۲ سوداگران بریلی شریف
۳ ربیع النور شریف ۱۴۳۰ھ مطابق ۱ مارچ ۲۰۰۹ء

جلد 2 محرم الحرام ۱۴۳۰ھ بمطابق جنوری 2010ء شمارہ 9

مقلد وہابی فرقہ اہل حدیث کے مولوی مختار احمد نے اپنے مجلہ ماہنامہ "طائفہ منصورہ" میں اپنے شیخ امین کا آخر کار آپریشن کر ہی دیا ہے۔ تفصیل کیلئے ماہنامہ "طائفہ منصورہ" جنوری 2010ء قسط نمبر 1، صفحہ 23 تا 27 ملاحظہ کریں۔